# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## (شعبہ تعلقات عامہ)

### پریس ریلیز

مورخہ 12مارچ 2019ء

## الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ میں ضیااللہ قاسمی شہید کی برسی پر تقریب۔

آج الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ میں چیف الیکشن کمشنر جناب جسٹس سردار محمد رضا کی سربراہی میں ضیااللہ قاسمی شہید ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر کوئٹہ کی برسی کے موقع پر ایک تعزیتی ریفرنس منعقد ہوا۔

تعزیتی ریفرنس مرحوم ضیااللہ قاسمی شہید کی یاد میں منعقد کیا گیا ضیااللہ قاسمی کو 11مارچ 2013ء کو دفتر سے گھر جاتے ہوئے شہید کر دیا گیا تھا۔ تقریب میں شہید کی بیوہ اور دو بچوں نے بھی شرکت کی۔

اس موقع پر چیف الیکشن کمشنر نے شہید کے گراں قدر خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ چیف الیکشن کمشنر نے الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ کی جامع مسجد کو ضیااللہ قاسمی شہید کے نام سے منسوب کرنے کا افتتاح کیا اور اللہ تعالی سے شہید کے درجات بلند کرنے اور ان کے اہل خانہ کو صبر واستقامت عطا کرنے کی دعا کی۔

